CAREERINDIA

**CCE PF**
**CCE PR**

**Code No. 85-U**

# Subject : SOCIAL SCIENCE

**( Urdu Version)**

**( New Syllabus )**

**( Private Fresh + Private Repeater )**

www.careerindia.com

**عام ہدایات :**

(i سوال مع جواب کے کتابچہ میں معروضی (Objective) اور موضوعی (Subjective) قسم کے سوالوں پر مشتمل ہے جس میں 57 سوالات ہیں۔

(ii ہر معروضی قسم کے سوال کے لئے جگہ مہیا کی گئی ہے۔ آپکو صحیح جواب چُننا ہے اور مکمل جواب اسکے حرف تہجی کے ساتھ مہیا کی گئی جگہ میں لکھنا ہے۔

(iii ہر موضوعی قسم کے سوال کے لئے کافی جگہ مہیا کی گئی ہے۔ آپکو سوالوں کے جواب اسی جگہ میں لکھنا ہے۔

(iv معروضی اور موضوعی دونوں قسم کے سوالوں کے لئے دی گئی ہدایات کے مطابق جواب لکھیں۔

(v طلبا پنسل سے جواب نہ لکھیں۔ پنسل سے لکھے ہوے جوابات کی جانچ نہیں کی جائے گی (سوائے گرافوں، ڈائگراموں اور میپوں کے )۔

(vi کثیر انتخابی (Multiple choice)، خالی جگہوں کو پُر کرنا اور مناسب جوڑ لگانا کے سوالوں کی حالت میں جوابات کو کُھرچنے / دوبارہ لکھنے / نشان لگانے کی اجازت نہیں ہے، ایسا کرنے سے آپکا جواب جانچ کے لئے نااہل سمجھا جائیگا۔

(vii سوالی پرچہ پڑھنے کے لئے '15' منٹ کا وقت الگ سے دیا جائیگا۔

(viii بائیں جانب کے حاشئے میں مہیا کردہ جگہ میں کچھ نہ لکھیں۔

CAREERINDIA



I. مندرجہ ذیل سوالات/ نامکمل بیانات میں سے ہر ایک کے لیے چار متبادل دیے گئے ہیں۔ ان میں سے صرف ایک صحیح یا مناسب ترین ہے۔ صحیح متبادل چُنیں اور ہر سوال کے سامنے مہیا کردہ جگہ میں اس کے حرف تہجی کے ساتھ مکمل جواب لکھیں۔ 10 × 1 = 10

1. گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ 1935 اہم دستاویز کی حیثیت رکھتا ہے کیونکہ

(A) صوبجات میں دوایوانی حکومتیں عمل میں لائی گئیں

(B) بورڈ آف کنٹرول کا قیام عمل میں آیا

(C) مذہب کی بنیاد پر علحدہ انتخابی حلقوں کی تشکیل کی گئی

(D) ملک کو وفاقی ڈھانچہ ملا

2. گروپ **A** کی فہرست میں سماجی مصلحین اور گروپ **B** میں ان کی سرگرمیاں دی گئی ہیں۔ جوڑ ملنے والے گروپ کو پہچانیں

| | گروپ **A** | | گروپ **B** |
|---|---|---|---|
| a) | رام موہن رائے | i) | غلام گیری |
| b) | دیانند سرسوتی | ii) | سمواد اکومُدی |
| c) | جیوتی با پھولے | iii) | نیوانڈیا |
| d) | اینی بیسنٹ | iv) | ستیارتھ پرکاش |

| | ***a*** | ***b*** | ***c*** | ***d*** |
|---|---|---|---|---|
| (A) | i | iii | ii | iv |
| (B) | ii | iv | i | iii |
| (C) | iii | ii | iv | i |
| (D) | iv | i | iii | ii |



www.careerindia.com

CAREERINDIA



3. دیہی علاقے کی عورتوں کی ترقی کے لیے کرناٹک حکومت نے یہ پروگرام نافذ کیا۔

(A) لوک ایوکت

(B) استری شکتی

(C) ساکھشرا بھارت (پڑھا لکھا بھارت)

(D) خاندانی منصوبہ بندی پروگرام

4. 10 دسمبر 1948ء کو اقوام متحدہ تنظیم کی تاریخ کا اہم دن قرار دیا گیا ہے کیونکہ اس دن

(A) انسانی حقوق کا اعلان ہوا

(B) اقوام متحدہ تنظیم کا قیام ہوا

(C) تخفیف اسلحہ کی قرارداد منظور ہوئی

(D) نسلی امتیاز کا خاتمہ ہوا

5. ہمارے دستور کی 24 ویں دفعہ کو نمایاں مقام حاصل ہے کیونکہ یہ روکتا ہے

(A) بچوں کو مزدوری پر لگانا

(B) چھوت چھات

(C) جہیز

(D) بدعنوانی

www.careerindia.com

CAREERINDIA



6. نشان زد ریور ویلی پروجیکٹوں کا صحیح جوڑ ملائیں




(A) 1 - ناگرجنا ساگر، 2 - بھاکڑا ننگل، 3 - کوسی

(B) 1 - بھاکڑا ننگل، 2 - کوسی، 3 - ناگرجنا ساگر

(C) 1 - کوسی، 2 - ناگرجنا ساگر، 3 - بھاکڑا ننگل

(D) 1 - ناگرجنا ساگر، 2 - کوسی، 3 - بھاکڑا ننگل

7. اس ساحل پر ساحلی کٹاؤ بہت شدید ہے۔

(A) کیرالا (B) تمل ناڈو

(C) اُڑیسہ (D) مغربی بنگال

8. ہندوستان کی معاشی منصوبہ بندی کے باوا آدم

(A) ڈاکٹر ایم-ایس-سوامی ناتھن (B) ڈاکٹر نارمین برلاگ

(C) سر ایم وشویشوریا (D) رام موہن رائے

9. سبز انقلاب کس بات کا اشارہ ہے

(A) غذائی پیداوار میں ترقی (B) مچھلی کی پیداوار میں ترقی

(C) دودھ کی پیداوار میں ترقی (D) گوشت کی پیداوار میں ترقی

www.careerindia.com

CAREERINDIA



10. وپرو ٹکنالوجیز کے صدر (چیرمین)

(A) ایکتا کپور (B) دھیرو بھائی امبانی

(C) نریش گویل (D) عظیم پریم جی

II. مندرجہ ذیل سوالوں کا ایک جملے میں جواب دیں : 14 × 1 = 14

11. ہندوستانیوں نے زبانی تاریخ کو اہمیت دی تھی۔ کیوں ؟

12. سوامی وویکانند نے رام کرشنا مشن کیوں قائم کیا ؟

13. روس نے زار حکمرانوں کے خلاف 1905ء میں جامع جدوجہد شروع کی۔ کیوں ؟

14. نسلی امتیازات کا دنیا کے امن و پرامن بقائے باہمی پر کیسا اثر پڑا ؟

15. افریقہ میں نسلی امتیازات کے خلاف جدوجہد کرنے والے کون تھے ؟

16. مساوی تنخواہ کا قانون کیوں بنا ؟

17. ''بچہ مزدوروں کی باز آبادی کاری اور بہبودی فنڈ'' کو کیوں قائم کیا گیا ؟

18. موسم گرما میں شمالی ہندوستان کے درجہ حرارت میں اضافہ ہوتا ہے۔ کیوں ؟

19. ناکاشتہ زمین کو کس طرح استعمال میں لایا جاسکتا ہے ؟

20. ہندوستانی کسان جون یا جولائی میں بیج بوتے ہیں اور اکتوبر میں فصل کاٹی جاتی ہے۔ کیوں ؟

21. کانکنی کے علاقوں میں مٹی کے تودوں کے کھسکنے کی وجہ کیا ہے ؟

22. مرکزی حکومت کا بجٹ لوک سبھا میں کون پیش کرتا ہے ؟

23. کس بینک کو بینکوں کی بینک کہا جاتا ہے ؟

24. ضلعی صنعتوں کے مراکز کا قیام کیوں کیا گیا ؟

www.careerindia.com

CAREERINDIA



III. مندرجہ ذیل سوالوں کا دو جملوں میں جواب دیں : 25 × 2 = 50

25. ''سائنسی ترقی نے بحری سفر کی راہ دکھائی۔'' اس بیان کو ثابت کیجئے۔

26. کونسے علاقے حیدرآباد کرناٹک کے ہیں ؟

27. پرتگالیوں سے گوا کو کس طرح آزادی ملی ؟

یا

پناہ گزینوں کے مسئلے کو ہندوستان نے کس طرح سامنا کیا ؟

28. ''نازی نظریے نے جرمنی کو تباہ کر دیا'' ثابت کیجئے۔

29. ''فرقہ پرستی ملک کی ترقی کے لئے نقصاندہ ہے۔'' کیوں؟

30. عالمی سطح پر موجود معاشی مسائل کے حل میں بین الاقوامی مالی فنڈ اہم رول ادا کرتا ہے۔ اِس بیان کی وضاحت کیجئے۔

31. سلف ہیلپ (خودامدادی) گروپ سے کیا مُراد ہے ؟

32. ''جزیرہ نما کی سطح مرتفع کی بڑی معاشی اہمیت ہے۔'' اِس بیان کی توضیح کیجئے۔

33. ہم مٹی کا کٹاؤ کس طرح روک سکتے ہیں ؟

34. سدابہار جنگلات اور صحرائی جنگلات میں فرق بتایئے۔

35. آج توانائی کے پرانے ذرائع کا استعمال کرنا لازمی ہے۔ کیوں ؟

36. ابلاغ کی اہمیت کیا ہے ؟

37. دیہاتوں سے شہروں کی نقل مکانی کو کنٹرول کرنے کے اقدامات بیان کیجئے ؟

38. فی کس آمدنی ترقی کی جانچ کا صحیح پیمانہ نہیں ہوسکتی ہے۔ کیوں ؟

39. افاقیت (گلوبلائزیشن) سے ماحول بگڑا ہے۔ کیسے ؟

40. ہندوستان کے چند انقلابی لیڈروں کے نام لکھے ؟

41. آزادی کے ساتھ ہندوستان کو کن مسائل کا سامنا کرنا پڑا ؟



www.careerindia.com

CAREERINDIA



42. ہندوستان کی کون کونسی اشیاء یوروپ کو برآمد کی جاتی تھیں ؟

43. دوسری عالمی جنگ کے بعد کن مسائل کا سامنا کرنا پڑا تھا ؟

44. ہندوستان اور پاکستان کے درمیان آپسی تناؤ کے اہم اسباب کیا ہیں ؟

45. بے روزگاری کے کیا اثرات ہیں ؟

46. ہندوستان میں دستیاب معدنی وسائل کونسے ہیں ؟

47. ابلاغ کی کونسی قسمیں ہیں ؟

48. انسان کی عمر کو بڑھانے کے لئے کونسے عوامل ہونے چاہئیں ؟

49. بینک میں کھولے جانے والے کوئی دو طرح کے کھاتوں کے نام لکھئے ؟

IV. مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب چھ جملوں میں دیں : 6 × 3 = 18

50. 1857 کی بغاوت کے سیاسی اور معاشی اسباب لکھئے ؟

یا

تعلیمی میدان میں انگریزوں نے کون کونسے اصلاحات نافذ کئے ؟

51. ہندوستان کی خارجہ پالیسی کے بنانے میں اثر انداز ہونے والے بنیادی نکات کونسے ہیں ؟

یا

روس کے ساتھ ہندوستان کے تعلقات کو بیان کیجئے۔

52. چھوت چھات کے خاتمے کے لئے دستوری اور قانونی اقدامات کی وضاحت کیجئے۔

یا

بے روزگاری کو دور کرنے کے لئے کئے جانے والے اقدامات بیان کریں ؟



www.careerindia.com

CAREERINDIA



53. ہندوستان کی اہم بندرگاہیں کونسی ہیں ؟

یا

صنعت کے وقوع پر اثر انداز ہونے والے عوامل کیا ہیں ؟

54. دیہی ترقی کی اہمیت کو مختصراً بیان کیجئے۔

یا

مرکزی حکومت کی بغیر ٹیکس آمدنی کے پہلو بیان کیجئے۔

55. بینک کا کھاتہ کھولنے کے فوائد بیان کریں ؟

یا

جیون بیمہ کی اہمیت بیان کریں۔

V. درج ذیل سوال کا جواب آٹھ جملوں میں لکھئے : 4

56. ڈاکٹر بی آر امبیڈکر کی خدمات بیان کریں۔

VI. 57. ہندوستان کے نقشے کا خاکہ بنائیں اور اس میں مندرجہ ذیل کو نشان زد کریں : 1 + 3 = 4

a) $82\frac{1}{2}^{\circ}$ مشرقی طول بلد

b) دریائے نرمدا

c) کورومنڈل ساحل

**نابینا امیدواروں کے لیے متبادل سوال: (سوال نمبر 57 کی جگہ)**

ہندوستانی عوام کی زندگی پر ہمالیہ کے استعمال کیا کیا ہیں ؟ 4

www.careerindia.com